30-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعہ ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ نوجوانوں کی طاقت صحیح سمت میں آگے بڑھے تو ملک کی ترقی کی رفتار تیز ہوگی۔انہوں نے ''نشہ مکت یوواوکست بھارت'' کے خواب کوشرمندہ تعبیر کرنے کے لئے ہر شخص سے اپنا کردارادا کرنے کی اپیل کی۔

۲۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ خواتین خود اعتمادی اور بااختیاری کے ساتھ مختلف شعبوں میں معیاری ترقی حاصل کرتے ہوئے دوسروں کیلئے باعث تحریک ثابت ہورہی ہیں۔

۳۔سابق وزیراور بی آرایس قائد ہریش راؤنے ریاستی حکومت کی جانب سے سرکاری اراضی خانگی افراد کے حوالہ کئے جانے پراعتراض کیا ہے۔

اور

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے بتایا ہے ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں ہلکی تا موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔

PM-MANN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ''وکست بھارت کے لئے منشیات سے پاک نوجوان'' مہم تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ نوجوانوں کی صحت، خوشی اور روشن مستقبل کیلئے ہم سب کی اجتماعی وابستگی ہے۔وزیراعظم کا من کی بات پروگرام کی 137 ویں قسط آج صبح آکاشوانی پرنشر ہوئی۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ منشیات کی لت کے مضر اثرات صرف فرد تک

محدود نہیں رہتے بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عظیم مہم میں ہر شخص سے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔

Byte : MKB - Drugs

وزیراعظم نریندر مودی نے ممبئی کے رہنے والے کرشن شیشادری سے ٹیلی فون پر بات چیت کی، جو ''بھارت راجیہ'' نامی ویب سائٹ کے ذریعہ تشہیری مہم چلا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے تاریخ کو دلچسپ بنانے کی کوششوں پر کرشن شیشادری کی تعریف کی اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اس ویب سائٹ کا مشاہدہ کرکے ہندوستان کی شاندار تاریخ کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ کرشن شیشادری نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا ان سے بات کرنا ان کے لئے انتہائی خوشی کا باعث ہے اور وہ اس تجربے کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے۔

Byte : MKB - Modi - Krishna Seshadri

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک کی بیٹیوں کے خواب اب زمین سے خلاء کی جانب پرواز کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مشن شکتی سیاٹ کے ذریعہ 108 ممالک سے تعلق رکھنے والی 12 ہزار طالبات کو سیٹلائٹ ٹکنالوجی سیکھنے اور اختراع کے شعبہ میں آگے بڑھنے کا موقع مل رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی یومِ خلاء کے موقع پر 23 اگست کو اتر پردیش کے گریٹر نوئیڈا میں مشن شکتی سیاٹ کے دوسرے مرحلہ کا آغاز کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ مکمل طور پر طالبات کی شرکت سے تیار کردہ ایک سیٹلائٹ کو چاند کے مدار میں بھیجنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔

MBK Mission Shakti Sat

وزیراعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ تہواروں اور تقاریب کے موقع پر ''وکل فار

لوکل‘‘ کو اپنائیں اور اپنے آس پاس موجود دستکاروں اور کاریگروں کی حوصلہ افزائی اور قدر کریں۔ انہوں نے ملک کے عوام سے مقامی مصنوعات کو ترجیح دینے کی اپیل کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کوئی بھی چیز خریدنے سے پہلے یہ ضرور معلوم کریں کہ وہ ہندوستان میں تیار کی گئی ہے یا نہیں۔ انہوں نے انفلوئنسرس اور مشہور شخصیات سے بھی اپیل کی کہ وہ ’’وکل فار لوکل‘‘ کے پیغام کو فروغ دیں۔

Byte : MKB – Vocal for Local

وزیر اعظم نے کہا کہ پی ایم سوانِدھی یوجنا کے ذریعہ ملک کی متوسط کاروبار سے وابستہ خواتین کو نئی طاقت مل رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم سے استفادہ حاصل کرنے والوں میں تقریباً 46 فیصد خواتین ہیں اور ملک بھر میں تقریباً 35 لاکھ خواتین اپنے کاروبار کو ترقی دے رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے اس سلسلے میں غازی آباد کی ببیتا شرما اور بنگلورو کی ٹی ایس ننگماں کی مثال پیش کی۔

Byte : PM – SVANidhi

NSD

Evaluation

سرکاری اسکولس کے طلبہ کے SA-1 اور SA-2 امتحانات کے جوابی بیاضات کی جانچ کے سلسلہ میں محکمہ تعلیمات نے اہم فیصلہ کیا ہے۔ فی الحال متعلقہ اسکولوں کے اساتذہ ہی اپنے طلبہ کی جوابی بیاضات کی جانچ کررہے ہیں، تاہم اب آئندہ دوسرے اسکولوں کے اساتذہ کے ذریعہ جوابی کاپیوں کی جانچ کروائی جائے گی۔ محکمہ تعلیم نے فیصلہ کیا ہے کہ MEOs کی نگرانی میں

منڈل مراکز پر ویا لیوایشن سنٹرس قائم کئے جائیں گے جہاں طلبہ کہ جوابی بیاضات کی جانچ کا عمل انجام دیا جائے گا۔

Desk

Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس قائد ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے سرکاری اراضیات خانگی افراد کے حوالہ کرنے کا عمل فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے حیدرآباد کے اعظم آباد میں تقریباً 500 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری زمین کو محض 87 کروڑ روپے میں خانگی افراد کو الاٹ کئے جانے پر اعتراض کیا۔ ہریش راؤ نے اپنے مکتوب میں الزام عائد کیا کہ سرکاری ادارہ آئل فیڈ اسی رقم کی ادائیگی کے لئے تیار ہونے کے باوجود یہ زمین خانگی افراد کو الاٹ کی جارہی ہے۔

Desk

Amrit Bharat

امرت بھارت اسکیم کے تحت 25 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری وقارآباد ریلوے اسٹیشن کی ترقیاتی کاموں کا مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسٹیشن کی ترقی کے کام مقررہ مدت سے چار ماہ پہلے ہی مکمل کر لئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ تلنگانہ بھر میں امرت بھارت اسکیم کے تحت 43 ریلوے اسٹیشنوں کو عصری طور پر ترقی دی جارہی ہے۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ قاضی پیٹ کے بعد وقارآباد ریلوے اسٹیشن پر ہی مسافروں کی آمد و رفت زیادہ ہے۔ مرکزی وزیر نے بتایا کہ سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کو 700

کروڑ روپے کی لاگت سے ترقی دی جارہی ہے۔مرکزی وزیر نے مزید کہا کہ 5لاکھ کروڑ روپے کی لاگت سے ملک میں بیلٹ ٹرین کی سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

PTC Vikarabad

Vehicles

مرکزی حکومت نے گاڑی سواروں کواپنے آرسی اورڈرائیونگ لائسنس کوموبائل نمبر سے مربوط کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔بتایا گیا ہے کہ آرٹی سی میں موبائل نمبراَپ ڈیٹ کیلئے واہن پورٹل اورلائسنس کیلئے صارفی پورٹل کااستعمال کیا جاسکتا ہے۔

Desk

Commissioner

کمشنر جی ایچ ایم سی،آروی کرنن نے آج عہدیداروں کے ہمراہ حیدرآباد کے موسیٰ رام باغ برتج کے ساتھ ساتھ نلگنڈہ ایکس روڈ کے فلائی اوور کے کاموں کا عہدیداروں کے ہمراہ معائنہ کیا۔انہوں نے عنبرپیٹ،ملک پیٹ،دلسکھ نگرکوجوڑنے والے موسیٰ رام باغ پل کے کام تیزی کے ساتھ مکمل ہونے کے پیش نظرافتتاح کیلئے تیاریاں کرنے کی ہدایت دی۔

PTC - HYD

TET

محکمہ تعلیمات نے ریاست میں اِن سرویس ٹیچرس کیلئے 8اور9 ستمبرکوخصوصی ٹیٹ منعقد کرنے کا اعلان کیا۔اس امتحان کیلئے 24ہزار983اساتذہ نے درخواستیں داخل کی ہیں۔

Desk

PM-MANN KI BAAT - Reaction

وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کو سننے کے بعد بعض افراد نے آکاش وانی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Sound Byte

Announcement

وزیر اعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے دوبارہ نشر کیا جائیگا۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے ریاست میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی تا موسلا دھار بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ متحدہ ضلع میدک، نلگنڈہ، عادل آباد، رنگا ریڈی اور محبوب آباد اضلاع میں بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Desk

OO